© rasailojaraid.com

کتابت وطباعت اور کاغذ بہتر ضخامت ۲۸۰ صفحات سالانہ قیمت عللہ روپیہ اور فی شمارہ ہے تین روپیہ پتہ :۔ مجلس ترقی ادب نرسنگداس گارڈنز۔ کلب روڈ۔ لاہور۔

"لاہور میں مجلس ترقی ادب" صحت مند اور تعمیری ادب کی ترقی و ترویج کے لئے قایم ہوئی ہے صحیفہ اُسی کا بلند پایہ اور معیاری سہ ماہی رسالہ ہے۔ اس میں ادبی۔ تحقیقی اور مزاحیہ مقالات ومضامین کے علاوہ غزلیں۔ نظمیں۔ افسانے۔ ڈرامے بھی ہوتے ہیں اور اُن سب کا ایک خاص معیار ہوتا ہے۔ ترقی پسند ادب کے بعض غلط قسم کے نمائندوں نے جو گمراہی پیدا کردی تھی۔ اگر صحیفہ اُس کی اصلاح کرسکا تو بڑا کام ہوگا۔ ایک زمانہ میں علی گڈھ سے سہ ماہی سہیل نکلتا تھا صحیفہ اُس کا ہی مثنیٰ معلوم ہوتا ہے امید ہے کہ ارباب ذوق اس کی قدر کریں گے۔

کتب خانہ نواب سالار جنگ کی اُردو قلمی کتابوں کی وضاحتی فہرست

از جناب سید نصیر الدین صاحب ہاشمی تقطیع کلاں۔ ضخامت ۳۴۸ صفحات کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد بارہ روپیہ پتہ :۔ دفتر اسٹیٹ کمیٹی نواب سالار جنگ مرحوم۔ دیوان ڈیوڑھی حیدرآباد دکن۔

نواب سالار جنگ مرحوم حیدرآباد کی بہت ممتاز اور نمایاں شخصیت تھے مرحوم کا علمی ذوق بڑا پاکیزہ تھا، قلمی کتابوں و نوادر اشیا کے جمع کرنے کا بڑا شوق رکھتے تھے اُن چیزوں کی وجہ سے ۱۹۴۹ء میں اُن کی وفات کے بعد اُن کا پورا محل ہی سالار جنگ میوزیم بنا دیا گیا ہے۔ مرحوم کے کتب خانہ میں عربی، فارسی اور انگریزی و اردو کتابوں کا بڑا وسیع اور اہم ذخیرہ تھا اس ذخیرہ میں جو اُردو کی قلمی کتابیں تھیں اُن کی وضاحتی فہرست تیار کرنے کا کام انجمن ترقی اُردو حیدرآباد دکن نے جناب سید نصیر الدین ہاشمی صاحب کے سپرد کیا جو اس میدان کا کافی پختہ تجربہ رکھتے ہیں اور اس نوع کے متعدد کام پہلے بھی کرچکے ہیں زیر تبصرہ کتاب ہی کیٹلاگ ہے جو سات سو چھپن کتابوں پر مشتمل ہے۔ یہ کتابیں چوبیس فنون پر تقسیم ہیں جن میں اسلامیات، ادب، تاریخ، فنون لطیفہ وغیرہ سب ہیں۔ ہاشمی صاحب نے بڑی محنت اور جانفشانی سے ہر مخطوطہ کے متعلق ضروری معلومات بہم پہنچانے کی کوشش کی ہے۔ جو حضرات اُردو زبان پر تحقیقاتی کام کرنے کا ذوق رکھتے ہیں اُن کے لئے اس [illegible] ظاہر ہے۔ ان کے علاوہ عام لوگ بھی اس سے اُردو ادب کی وسعت اور اُس کے مختلف مدارج ارتقا کا پتہ چلا سکتے ہیں امید ہے کہ ارباب ذوق و نظر اس کی قدر کریں گے اور اس سے فائدہ اُٹھائیں گے۔

© rasailojaraid.com